KHALID PUBLIC SCHOOL AND COLLOEGE HAROONABAD

SPEECH CLASS TWO

یوں دی ہمیں آزادی کے دنیا ہوئی حیران

اے قائد اعظم تیرا احسان ہے احسان

محترم پرنسپل صاحب اور میرے عزیز ساتھیو !

السلام علیکم !

آج مجھے جس موضوع پر تقریر کرنے کا موقع ملا ہے اس کا عنوان ہے " قائد اعظم محمد علی جناح "

پیارے ساتھیو !

قائد اعظم محمد علی جناح 25 دسمبر 1876 کو کراچی میں پیدا ہوئے آپ نے ابتدائی تعلیم کراچی سے حاصل کی پھر اعلی تعلیم کے لیے انگلستان چلے گئے۔آپ نے جب پاکستان کے لیے جدو جہد کی تو اپنے اور غیر آپ کے دشمن ہو گئے۔اس کے باوجود آپ پاکستان بنانے میں کامیاب ہو گئے۔مسلسل محنت کی وجہ سے آپ کی صحت خراب ہو گئی اور آپ 11 ستمبر 1948 کو وفات پا گئے

آخر میں میری اللہ سے دعا ہے کہ اللہ تعالی ان پر رحمتیں نازل فرمائے۔آمین

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے   بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

والسلام شکریہ

(Speech Class Three)

ملت ہے جسم و جاں ہے محمد علی جناح ہے　　　ملت کا پاسباں ہے محمد علی جناح ہے

محترم پرنسپل صاحب، معزز اساتذہ کرام اور میرے عزیز ساتھیو!

السلام علیکم!

میری آج کی تقریر کا عنوان ہے" قائد اعظم محمد علی جناح "

عزیز ساتھیو!

پاکستان کے بانی قائد اعظم محمد علی جناح 25 دسمبر 1876ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔آپ نے ابتدائی تعلیم کراچی سے اور اعلی تعلیم انگلستان سے حاصل کی۔ وطن واپس آکر وکالت شروع کر دی آپ نے اپنی سیاسی زندگی کا آغاز ستمبر 1905 میں کیا۔آپ کی قائدانہ صلاحیتوں اور ذہانت کی وجہ سے مسلمانوں کو ہندووں اور انگریزوں کے تسلط سے آزادی ملی۔

یوں دی ہمیں آزادی کے دنیا ہوئی حیران

اے قائد اعظم تیرا احسان ہے احسان

والسلام شکریہ